

NEW YORK STATE | Workers' Compensation Board

سوشل سروسز: زخمی کارکنوں اور ان کے اہل خانہ کی مدد کرنا

جب کوئی کارکن کام سے متعلقہ کسی حادثے یا پیشہ ورانہ ذمہ داری کے نتیجے میں بیمار ہو جاتا ہے، تو یہ اس کے لیے اور اس کے خاندان کے لیے تکلیف دہ ہو سکتا ہے۔ کارکن کے خود معذوری کے درد اور مشکل کا سامنا کرنے کے علاوہ، اس کے اثرات مالی اور ذہنی طور پر بھی تباہ کن ہو سکتے ہیں۔ ہم مدد کر سکتے ہیں!

NYS ورکرز کمپنسیشن بورڈ [Workers' Compensation Board] (بورڈ) کے پاس تمام ضلعی دفاتر میں لائسنس یافتہ ماسٹر سوشل ورکرز (licensed master social workers, LMSWs) موجود ہیں، جو زخمی کارکنوں کو مفت اور رازدارانہ مدد فراہم کرنے کے لیے دستیاب ہیں۔ ہمارے LMSWs کارکنوں کے معاوضے کے دعووں کے عمل میں اور ان کے لیے ایسی مالی اور جذباتی رکاوٹوں کو دور کرنے میں مدد فراہم کر سکتے ہیں، جو ان کے لیے کام پر واپسی میں تاخیر کا باعث بن سکتی ہوں۔

اعلیٰ تعلیم یافتہ اور ہنر مند LMSWs پر مشتمل بورڈ کی ٹیم درج ذیل کام کر سکتی ہے:

- نگہداشت صحت کے فراہم کنندگان، انشورنس کنندگان، مورگیج کمپنیوں، مکان مالکان، یوٹیلیٹی کمپنیوں اور قرض دہندگان کے ساتھ زخمی کارکنوں کی وکالت کرنا۔
- ہنگامی پناہ گاہوں، غذائی اشیاء کی پینٹریوں، غذائیت/گرمائش کے فوائد، نرسنگ/معاون رہنے کی سہولیات، منشیات/الکوحل پروگرام اور دیگر وسائل کے لیے ریفرل دینا۔
- کمیونٹی/ذہنی صحت کی ایجنسیوں سے قلیل مدتی مشاورت اور روابط کی سہولت پیش کرنا۔
- نگہداشت صحت کے فراہم کنندگان کو تلاش کر کے اور علاج اور فوائد کے بارے میں انشورنس کنندگان سے رابطہ کرتے ہوئے کارکنوں کے معاوضے کے دعووں میں مدد کرنا۔
- سوشل سیکورٹی، Medicare اور دیگر فوائد تک رسائی میں مدد فراہم کرنا۔
- دعووں، فوائد اور خدمات سے متعلق خط و کتابت تقسیم کرنا۔
- طاقتوں اور صلاحیتوں کا تجزیہ کرنا اور اندازہ لگانا اور کام پر کامیاب واپسی کے ساتھ زخمی کارکنوں کی مدد کے لیے بورڈ کے پیشہ ورانہ بحالی کے مشیروں کے ساتھ شراکت کرنا۔

اگر آپ کو کام سے متعلق چوٹ لگی ہو یا بیماری لاحق ہو، تو جاننے کی باتیں:

- آپ کے کام سے متعلق چوٹ کے لیے طبی دیکھ بھال زندگی بھر کا فائدہ ہے۔
- کام کے لیے کلیئرنس حاصل کرنے کے لیے اپنے نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ کے ساتھ تعاون کریں۔
- اپنی حدود میں ڈیوٹی کے اختیارات کے لیے اپنے آجر کو اپنی طبی پابندیوں سے آگاہ کریں۔
- اگر آپ معذور ہوں، تو آپ اپنے آجر سے مناسب رعایت کی درخواست کر سکتے ہیں، تاکہ آپ کام پر واپس جا سکیں۔
- اگر آپ اپنے کام سے متعلق چوٹ کی وجہ سے کم تنخواہ پر کام پر واپس آتے ہیں، تو آپ فرق کو پورا کرنے کے لیے فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔
- آجروں کو آپ کی ملازمت کو روکنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اپنی ملازمت کی حیثیت کے حوالے سے اپنے آجر کے ساتھ رابطے میں رہیں۔
- اگر آپ کام کرنے کے قابل ہیں لیکن اپنے کام پر واپس نہیں جا سکتے، تو آپ کو اپنی پابندیوں کے اندر کام تلاش کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔
- آپ فیڈرل فیملی اینڈ میڈیکل لِیو ایکٹ (Family and Medical Leave Act, FMLA) کے ذریعے بلا معاوضہ چھٹی کے حقدار ہو سکتے ہیں۔
- امتیازی سلوک ہمیشہ ممنوع ہے!

مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: wcb.ny.gov/socialservices، ای میل کریں: SocialWorkers@wcb.ny.gov یا بورڈ کے ساتھ (212) 866-2425 پر رابطہ کریں اور "social work assistance (سوشل ورک میں معاونت)" کا پوچھیں۔ زبان کی مدد کی مفت خدمات دستیاب ہیں۔ براہ کرم جب آپ رابطہ کریں، تو اپنے پاس اپنا نام، ٹیلی فون نمبر، WCB کیس نمبر اور مسئلے کی تفصیل تیار رکھیں۔ تمام سماجی خدمات مفت، رازدارانہ اور تمام زخمی کارکنوں کے لیے دستیاب ہیں۔

بحران میں معاونت: کیا آپ کسی بحران میں ہیں، جذباتی پریشانی کا سامنا کر رہے ہیں یا کسی ایسے شخص کے بارے میں فکر مند ہیں، جسے آپ جانتے ہیں؟ **988** پر ٹیکسٹ کریں یا **988lifeline.org** پر چیٹ کریں۔ یہ وسائل دن کے 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن دستیاب ہیں۔

UR-WCB-NJ-SocialWorker-fs-v3 6-26 Urdu